international council on archives
conseil international des archives

محفوظات پر عالمی اعلان

محفوظات پر فیصلے، افعال اور یادیں محفوظ ہُوتے ہیں۔ محفوظات ایک منفرد اور ناقابلِ تلافی وراثت ہے جو ایک نسل سے دوسری تک منتقل ہُوتی ہے۔ محفوظات کی قدر اور معنی کو برقرار رکھنے کے لئے تخلیق سے ہی اُن کی دیکھ بھال کی جاتی ہے۔ یہ معلومات کے مستند ذرائع ہیں اور یہ جوابدہ اور شفاف انتظامیہ کے اعمال کی دلیل پیش کرتے ہیں۔ ذاتی اور کمیونٹی کی یادوں کا حصہ بنتے ہُوئے اور اُن کو تحفظ فراہم کرتے ہُوئے یہ معاشرے کی ترقی میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ انسانی سماج کے بارے میں محفوظات تک کھلی رسائی ہمارے علم میں اضافہ کرتی ہے، جمہوریت کو فروغ دیتی ہے، شہریوں کے حقوق کا تحفظ کرتی ہے اور زندگی کے معیار کو بہتر بناتی ہے۔

بین الاقوامی محفوظاتی کمیونٹی، شناخت کرنا

- انتظامی کے مستند ثبوت کے طور پر **منفرد معیار** کی محفوظات، معاشرے کی ترقی کی پہچان کے طور پر ثقافتی اور علمی سرگرمیاں؛
- **کاروبار کے موثر** استعمال کی حمایت کرنے کے لئے، احتساب اور شفافیت کے لئے، شہریوں کے حقوق کے تحفظ کے لئے، انفرادی اور اجتمائی یاداشت کے قیام کے لئے، ماضی کو سمجھنے کے لئے، مستقبل کے اقدامات کی ہدایت کے لئے اور موجودہ دستاویز کاری کے لئے محفوظات کی **اہم ضرورت ہے**۔
- انسانی سرگرمیوں کے ہر علاقے کی ریکارڈنگ میں محفوظات کے **تنوع**
- **مختلف اشکال** جس میں محفوظات تیار کئے جاتے ہیں بشمول کاغذ، الیکٹرانک، سمعی و بصری اور دیگر اقسام؛
- **ماہرئے محفوظات کا کردار**، ابتدائی اور لگاتار تعلیم کے ساتھ تربیت یافتہ پیشہ وار افراد کا ہے جو ریکارڈز کی تخلیق کی حمایت کرکے اپنے معاشرے کی خدمت کر رہے ہیں۔ اور اُن کا انتخاب کر کے، اُن کو برقرار رکھ کر اور اُن ریکارڈز کو ہمارے لئے دستیاب کراکر؛
- **سب کی اجتمائی ذمہ داری**۔ محفوظات کے انتظام میں،۔ شہریوں کی، پبلک کے منتظمین اور فیصلہ سازوں کی، مالکان یا عوامی یا ذاتی محفوظات کے حاملوں کی اور ماہرینِ محفوظات اور دیگر معلومات کے ماہرین کی۔

مل کر کام کرنے کی ذمہ داری اُٹھاتے ہیں تاکہ:

- مناسب قومی محفوظات کی پالیسیوں اور قوانین کو اپنایا اور نافذ کیا جائے
- تمام اداروں، نجی یا عوامی جو محفوظات تخلیق دیتے اور اپنے کاروبار چلانے کے دوران استعمال کرتے ہیں وہ محفوظات کے انتظام کی قابلِ قدر قیمت لگائیں اور اُسے بخوبی نبھائیں ۔
- محفوظات کی باقائدہ انتظامیہ کی حمایت کی خاطر مناسب وسائل مقرر کئے گئے ہیں، بشمول تربیت یافتہ پیشہ ور افراد کا رازگار
- محفوظات کی اِس طرح دیکھ بھال کی جاتی ہے اور اُن کو محفوظ رکھا جاتا ہے تاکہ اُن کی توثیق ہُونے کی ،معتبری کی ، مخلص ہُونے کی اورقابلِ استعمال ہُونے کی یقین دھانی کی جا سکے۔
- ضروری قوانین کا احترام کرتے ہُوئے، افراد کے حقوق، تخلیق دینے والوں کے، مالکان اور استعمال کرنے والوں کے حقوق کا خیال رکھتے ہُوئے، محفوظات سب کے لئے قابلِ رسائی بنائے جاتے ہیں۔
- محفوظات کا استعمال ذمہ دار شہریت کو فروغ دینے میں مدد کے طور پر استعمال ہُوتا ہے